یکم دسمبر 2023ء

ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن نے مالی سال 23-2022ء کی سالانہ رپورٹ جاری کردی

بینک دولتِ پاکستان کے ذیلی ادارے ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن (ڈی پی سی) نے اپنی تیسری سالانہ رپورٹ برائے مالی سال 23-2022ء جاری کردی، جس کا مقصد اس کے رکن بینکوں میں ڈپازٹس کے تحفظ کے حوالے سے بینک ڈپازٹرز اور عوام النّاس میں آگہی کا فروغ ہے۔ رپورٹ میں ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن کی جانب سے ڈپازٹرز کی رقوم کے تحفظ، مالی استحکام کو تقویت دینے اور ڈپازٹ کے تحفظ کو مسلسل بڑھانے کے حوالے سے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا گیا۔

رپورٹ میں ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن کی سالانہ کارکردگی پر روشنی ڈالی گئی اور مالی کارکردگی پیش کی گئی۔ اس میں ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن کے مستقبل کے منصوبوں اور حکمت عملی کے اقدامات کے بارے میں آگاہ کیا گیا، جو ڈپازٹ کے تحفظ کے حوالے سے ادارے کے عزم کا احاطہ کرتے ہیں۔

رپورٹ میں اعداد و شمار اور تصاویر کے ذریعے ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن کے ڈپازٹ کے تحفظ کے حجم اور دائرہ کار کو پیش کیا گیا ہے، جو کارپوریشن کے حفاظتی حصار کی واضح تصویر کشی کرتے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن نے پاکستان میں شیڈول بینکوں کے کُل 73 ملین ڈپازٹرز میں سے 98 فیصد سے زائد ڈپازٹرز کے ڈپازٹس کو تحفظ فراہم کر دیا ہے۔

رپورٹ میں "ڈپازٹ کے تحفظ کو جانیے" کے عنوان سے عوام کی آگہی پر بھی توجہ دی گئی ہے۔ سمجھنے کی آسانی یقینی بنانے کے لیے، ڈپازٹ کے تحفظ کے بارے میں عمومی سوالات کو اس حصے میں تصویری طور پر پیش کیا گیا ہے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن ایکٹ کے تحت ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن نے سال 2018ء میں بینک کے دیوالیہ ہونے کی غیر متوقع صورت میں بینکوں کے ڈپازٹرز کو زرِ تلافی دینے کے مقصد سے کام کا آغاز کیا تھا۔ متذکرہ ایکٹ کے تحت پاکستان کے تمام شیڈول بینک ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن کے رکن ہیں۔

ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن کی ویب سائٹ پر سالانہ رپورٹ برائے 2023ء اب اس لنک پر دستیاب ہے۔
https://www.dpc.org.pk/Publications/AnnualReports/AR-2022-23.pdf

****